PR.No. 27/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 19th July, 2026

**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN ADMITTED AS OBSERVER TO THE CONFERENCE OF CONSTITUTIONAL JURISDICTIONS OF THE TURKIC WORLD (TÜRK-AY)**

The Federal Constitutional Court of Pakistan (FCCP) is pleased to announce that it has been unanimously admitted as an Observer to the Conference of Constitutional Jurisdictions of the Turkic World (TÜRK-AY), marking a significant milestone in the Court's growing engagement with the international constitutional justice community.

The Conference of Constitutional Jurisdictions of the Turkic World (TÜRK-AY) was established on 27th April, 2022 in Istanbul, Türkiye, as a regional platform to foster cooperation among the constitutional courts of the Turkic world. TÜRK-AY comprises the constitutional courts of Türkiye, Azerbaijan, Kazakhstan, Kyrgyzstan, and Uzbekistan as its full members.

The decision was formally communicated through a letter from Mr. Farhad Abdullayev, Chairman of the Constitutional Court of the Republic of Azerbaijan and Term President of TÜRK-AY, addressed to Honourable Chief Justice Amin-ud-Din Khan, Federal Constitutional Court of Pakistan.

According to the communication, the admission of the Federal Constitutional Court of Pakistan as an Observer was unanimously approved by the Member Courts of TÜRK-AY pursuant to Article 10.4 of the Statute of the Organization.

In his letter, Chairman Abdullayev extended warm congratulations and a heartfelt welcome to the Federal Constitutional Court of Pakistan, expressing confidence that the Court's distinguished expertise, valuable knowledge, and esteemed reputation would make a meaningful contribution to the work of TÜRK-AY. He further conveyed his expectation that Pakistan's participation would foster rewarding cooperation, mutual understanding, and productive institutional relations founded upon shared constitutional values.

The Honourable Chief Justice welcomed this important development, describing the unanimous admission as a reflection of the international confidence reposed in Pakistan's constitutional jurisprudence and the Federal Constitutional Court's commitment to promoting the rule of law, constitutional governance, and judicial cooperation across jurisdictions.

Observer status in TÜRK-AY will provide the Federal Constitutional Court of Pakistan with an important platform to engage with constitutional courts of the Turkic world, exchange judicial experiences and best practices, participate in academic and institutional dialogue, and contribute to the advancement of constitutional justice through international collaboration.

The Federal Constitutional Court of Pakistan remains committed to strengthening its engagement with constitutional courts and judicial institutions

worldwide in furtherance of constitutionalism, judicial independence, and the effective protection of fundamental rights.

https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Naila Nazar**
Director Media Affairs
& Public Relations

## وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کی کانفرنس میں مبصر کی حیثیت سے رکنیت حاصل

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت ہے کہ اسے ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کی کانفرنس میں مبصر کی حیثیت سے متفقہ طور پر رکنیت دے دی گئی ہے۔ یہ پیش رفت وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کی بین الاقوامی آئینی عدالتی برادری میں بڑھتے ہوئے کردار اور مؤثر عالمی روابط کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے۔

ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کی کانفرنس کا قیام 27 اپریل 2022 کو استنبول، ترکیہ میں عمل میں آیا۔ اس تنظیم کا مقصد ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا، آئینی انصاف اور قانون کی حکمرانی کو مستحکم کرنا، اور عدالتی تجربات، بہترین روایات اور آئینی فقہ کے تبادلے کو فروغ دینا ہے۔ تنظیم کے مکمل ارکان میں ترکیہ، آذربائیجان، قازقستان، کرغزستان اور ازبکستان کی آئینی عدالتیں شامل ہیں۔

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو مبصر کی حیثیت سے رکنیت دیے جانے کا فیصلہ جمہوریہ آذربائیجان کی آئینی عدالت کے چیئرمین اور موجودہ ٹرم صدر جناب فرہاد عبداللایف کی جانب سے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے معزز چیف جسٹس جناب امین الدین خان کے نام ارسال کردہ خط کے ذریعے باضابطہ طور پر آگاہ کیا گیا۔

خط میں بتایا گیا کہ تنظیم کے دستور کے آرٹیکل 10.4 کے تحت کے تمام رکن عدالتوں نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو مبصر کی حیثیت سے شامل کرنے کی متفقہ منظوری دی ہے۔

اپنے خط میں جناب فرہاد عبداللایف نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو دلی مبارکباد اور خیرمقدم پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ عدالت کی ممتاز آئینی مہارت، علمی استعداد اور اعلیٰ ساکھ کی سرگرمیوں میں مؤثر اور مثبت کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی شمولیت آئینی اقدار کی بنیاد پر باہمی تعاون، افہام و تفہیم اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم کرے گی۔

معزز چیف جسٹس امین الدین خان نے اس اہم پیش رفت کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان کی آئینی عدالتی روایت اور وفاقی آئینی عدالت پر بین الاقوامی اعتماد کا مظہر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ رکنیت وفاقی آئینی عدالت کے قانون کی حکمرانی، آئینی طرزِ حکمرانی اور بین الاقوامی عدالتی تعاون کے فروغ کے عزم کی عکاس ہے۔

مبصر کی حیثیت سے شمولیت وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کے ساتھ قریبی روابط استوار کرنے، آئینی و عدالتی تجربات اور بہترین روایات کے تبادلے، علمی و ادارہ جاتی مکالمے میں شرکت، اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے آئینی انصاف کے فروغ میں فعال کردار ادا کرنے کا اہم موقع فراہم کرے گی۔

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان آئینی بالادستی، عدالتی آزادی، بنیادی حقوق کے مؤثر تحفظ اور دنیا بھر کی آئینی و عدالتی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔